(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ
## تعلیم اور روزگار

## اعلیٰ تعلیم اور زیادہ بے روزگاری: پاکستان میں تقریباً ہر 4 میں سے 1 اعلیٰ تعلیم یافتہ خاتون بے روزگار ہے۔

(اسلام آباد)، 26 فروری 2026


پاکستان میں، خواتین کے لیے زیادہ تعلیم یافتہ ہونے کا مطلب بے روزگاری میں اضافہ ہے۔ یہ بات بظاہر غیر متوقع محسوس ہوتی ہے — لیکن اعداد و شمار بالکل واضح ہیں۔

پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (PBS) کے سرکاری اعداد و شمار (لیبر فورس سروے 2024-25) کے مطابق خواتین میں بے روزگاری کی شرح میں تعلیم کی سطح کے ساتھ نمایاں طور پر اضافہ ہوا ہے۔

سال 2024-25 میں، غیر تعلیم یافتہ خواتین میں بے روزگاری کی شرح 4.7% پائی گئی۔ میٹرک سے کم تعلیم یافتہ خواتین میں بے روزگاری کی شرح تقریباً دوگناہ زیادہ یعنی 9.0% رہی۔ میٹرک تک تعلیم حاصل کرنے والی خواتین میں بے روزگاری مزید بڑھ کر 15.5% ہو گئی۔ بے روزگاری کی سطح میں سب سے زیادہ اضافہ اعلیٰ تعلیم کی سطح پر دیکھا گیا۔ انٹرمیڈیٹ تک تعلیم حاصل کرنے والی خواتین میں بے روزگاری کی شرح 23.6% رہی۔ جبکہ گریجویشن کرنے والی خواتین میں یہ شرح 23.8%، اور ماسٹرز/ایم فل/پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرنے والی خواتین میں بے روزگاری کی شرح 23.9% تک پائی گئی۔

مختصراً، پاکستان میں جتنی زیادہ کوئی خاتون تعلیم یافتہ ہو، اس کے بے روزگار ہونے کا امکان اتنا ہی زیادہ ہوتا ہے۔ یہ رجحان اس بات کی نشاندہی نہیں کرتا کہ تعلیم روزگار کے مواقع کم کرتی ہے۔ بلکہ یہ نظامی مسائل کی عکاسی کرتی ہے: مناسب وائٹ کالر یعنی مناسب دفتری ملازمتوں کی محدود دستیابی، سماجی پابندیاں جو خواتین کی نقل و حرکت محدود کرتی ہیں، مہارتوں اور نوکریوں کے درمیان عدم مطابقت، اور ایسے ترقی یافتہ شعبوں کی کمی جو تعلیم یافتہ خواتین کو روزگار فراہم کر سکیں۔

لہٰذا مسئلہ زائد تعلیم کا نہیں بلکہ مناسب روزگار نہ ملنے کا ہے۔ اگر پاکستان خواتین کی لیبر فورس/ملازمت میں شرکت بڑھانا چاہتا ہے تو پالیسی کی توجہ صرف خواتین کی تعلیم بڑھانے پر نہیں بلکہ ایسے مواقع اور راستے بنانے پر ہونی چاہیے جو تعلیم یافتہ خواتین کو بامعنی روزگار کے مواقع فراہم کر سکیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

یہ تجزیہ گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے جاری کیا گیا ہے۔ یہ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (PBS) کی جانب سے شائع کردہ لیبر فورس سروے 2024-25 کے بے روزگاری سے متعلق اعداد و شمار پر مبنی ہے، جس میں بے روزگاری کی تعریف 13 ویں آئی سی ایل ایس (ICLS) کے معیار کے مطابق کی گئی ہے اور اعداد و شمار کو تعلیم کی سطح اور جنس کے لحاظ سے الگ الگ دکھایا گیا ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 26th February 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)